Presented by: Rana Jabir Abbas

نوٹ : محترمہ سیدہ بہبودہ النساء کی یہ مناجات جناب قائم علی باقری نے عطا کی ۔ مرحومہ ایک ذاکرہ تھیں ۔ اُن کے لیے دعا کی درخواست ہے

طالب دعاء
سید نوز عباس رضوی
23 فروری 2009ء

۲۸۶
۲۰۲

مناجاتِ معصومین

سلامٌ علیکم

عرضِ حال :

اَلحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِی جَعَلَنَا عَلیٰ وِلَایَۃِ اَمِیرِالمُؤمِنِینَ وَاَولَادِہِ الطَّاہِرِین

نہ تو میں شاعرہ ہوں اور نہ رموز سخن سے آگاہ ۔ واردات قلبی کو جو میرے دورہ افریقہ کے سلسلہ مجالس میں پیش آئے تھے ان کو ایک کتابچہ کی شکل میں شائع کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ زاد راہ میں یہ سعی کام آسکے ۔ ناظرین ان کو عروض پر نہ جانچیں بلکہ یہ دل کی گہرائیوں سے نکلے ہوئے چند بے ربط اشعار ہیں بیشک خلوص اس میں موجود ہے اور ممدوحین سے اس کے اجر کی طالب ہوں ۔ اگر مومنین و مومنات اس سادہ بیانی کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کی مداومت کریں گے تو یقیناً نہ صرف وہ ماجور ہوں گے بلکہ کمترین بھی شریک ثواب ہو جائے گی ۔

قارئین سے صرف اپنی والدہ مرحومہ کے لئے ایک سورہ فاتحہ کی طلب گار ہوں ۔

طالبہ دعائے خیر :-

سیدہ بہبود النساء باقری مرحومہ

۲۳ ربیع الثانی ۱۳۹۳ھ

۱۹/۲۲۷ ۔ النور سوسائٹی ۔ کراچی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حمدِ ربُّ العزّت

یا الٰہی تیرا جواب نہیں
تیری رحمت کا کچھ حساب نہیں

ہے درود و سلام اُن پہ سدا
مثل جن کا نہیں جواب نہیں

راستہ دین حق کا دکھلانے
مثلِ قرآن کوئی کتاب نہیں

جو ہے تو نے ہم کو خلق کیا
نعمتوں کا تیری حساب نہیں

سیدہ پہ رہے کرم کی نگاہ
غم دُنیا سے دل میں تاب نہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مدحِ رسولؐ صلی اللہ علیہ وسلم

عرب کے ستارے محمدؐ ہمارے
عجم کے دلارے محمدؐ ہمارے

کیا نور سے ان کو خالق نے پیدا
ہوا حسن پہ ان کی خود اتنا شیدا
خدا کے پیارے محمدؐ ہمارے

زمانے میں وحدت انہی سے ہے قائم
رہے گا ابد تک یہ اسلام دائم
وہ آقا ہمارے محمدؐ ہمارے

بھنور میں پھنسا ہے ہمارا سفینہ
خبر لیجئے جلد شاہ مدینہ
لگا دو کنارے محمدؐ ہمارے

تمنائیں جو دل میں ہے سیّدہ کی
خدا کے لئے جلد ہو جائے پوری
وہ ارمان سارے محمدؐ ہمارے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مُناجات حضرت علی علیہ السّلام

٭ ٭ ٭

دلوں کا سہارا علیؑ ہے علیؑ ہے
مسیحا ہمارا علیؑ ہے علیؑ ہے
پڑی کوئی مشکل نہ گھبرا تو اے دل
کہ مولا ہمارا علیؑ ہے علیؑ ہے
ہمیں کچھ نہیں غم کہ حیدر رہے ہمدم
کہ جس دم پکارا علیؑ ہے علیؑ ہے
علی کی مُحبت سے ملتی ہے جنّت
خدا کا پیارا علیؑ ہے علیؑ ہے
مددگار کوئی نہیں جُز علیؑ کے
ہمارا سہارا علیؑ ہے علیؑ ہے
علیؑ سے ہے قائم نظام دو عالم
جہاں کا سہارا علیؑ ہے علیؑ ہے
علیؑ کی ثناء عمر بھر سیّدہ کر
غموں کا کنارا علیؑ ہے علیؑ ہے
مددگار حیدرؑ تیرے سیّدہ ہیں
وُہ مولا تمہارا علیؑ ہے علیؑ ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مدحتِ زہراؑ

سیدہ طاہرہ پر درود وسلام
بنتِ خیرالوریٰ پر درود وسلام
خلقت آسمان و زمیں فاطمہ
مظہرِ کبریا پر درود وسلام
مدح خواں جن کا خالق ہے اے مومنو
راضیہ، مرضیہ پر درود وسلام
جس کو خاتونِ جنّت بنایا ہے ربّ نے
عابدہ، زاہدہ پر درود وسلام
اُٹھے تعظیم کرنے خدا کا رسولؐ
عظمتِ فاطمہؑ درود وسلام
جس کا شوہر دو عالم کا مشکل کشاء
بی بی خیرالنساء پر درود وسلام
میری بی بی کے فرزند حسنؑ و حسینؑ
شوکتِ سیدہ پر درود وسلام
معرفت سیدہ کو عطا کیجئے
آپ کے معجزہ پر درود وسلام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مُناجات امام حسن علیہ السلام

❖ ❖ ❖

اے تمنائے محمدؐ جانِ حیدر یا حسنؑ
آپ ہی کے نور سے شمس و قمر پیدا ہوئے

کیجئے آسان مشکل بہرِ داور یا حسنؑ
مرتبہ یہ آپ کا اللہ اکبر یا حسنؑ ہے

آپ ہیں سردارِ جنت وارثِ علمِ نبیؐ
جو محبت آپ سے رکھے ہوا دوزخ سے دور

آپ ہی کے ہاتھ ہے تسنیم و کوثر یا حسنؑ
کہہ دیا احمدؐ نے پر بالائے ممبر یا حسنؑ

فاطمہؑ زہرا کے جانی راحتِ قلبِ علیؑ
بخشش و جود و کرم یہ آپ کی مشہور ہے

ہو گیا سارا جہاں حیران و ششدر یا حسنؑ
جا رہے ہیں لوگ سب سیراب ہو کر یا حسنؑ

رحم کی نظروں سے ہو ہم پر کیجئے امداد اب
جو تمنائیں ہیں دل میں آپ وہ پوری کریں

ہو گیا ہے دل بہت غمگین و مضطر یا حسنؑ
التجا سُن لیجئے بہرِ پیمبر یا حسنؑ

آپ کے در کے سوا کوئی سہارا اب نہیں
کیجئے امید پوری بہرِ داور یا حسنؑ ؎
سیّدہ کی آرزو یہ ہے کہ مدینہ جلد آئے
سو رہا ہے جس سے میرا مقدر یا حسنؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مناجات حضرت امام حسین علیہ السلام

خدائی کے مالک محمدؐ کے دلبر حسینؑ ابن حیدرؑ حسینؑ ابن حیدرؑ
عرب کے ستارے عجم کے مقدر حسینؑ ابن حیدرؑ حسینؑ ابن حیدرؑ

کرم سے تمہارے ہے اسلام باقی ہے دینِ محمدؐ کا باقی
محافظ شریعت کے ہادی و رہبر حسینؑ ابن حیدرؑ حسینؑ ابن حیدرؑ

تباہی تھی مولا ہر اک سمت جاری پریشان محمدؐ کی امت تھی ساری
مددگار حامی سفینہ کے لنگر حسینؑ ابن حیدرؑ حسینؑ ابن حیدرؑ

کیا فیصلہ حق و باطل کا تم نے دیا درس ایمان کامل کا تم نے
دکھایا وفا و شجاعت کے جوہر حسینؑ ابن حیدرؑ حسینؑ ابن حیدرؑ

کیا صبر اتنا کہ راضی خدا ہے مصائب کی کوئی نہیں انتہا ہے
کیے نذر تم نے خزانے کے گوہر حسینؑ ابن حیدرؑ حسینؑ ابن حیدرؑ

خوشی سے بھرے گھر کو تم نے لٹایا تھا ویران بیاباں کو بسایا
زمانے میں کوئی نہیں تم سے بہتر حسینؑ ابن حیدرؑ حسینؑ ابن حیدرؑ

گرفتار رنج و بلا سیدہ ہے مگر آپ سے یہ میری التجا ہے
چھڑا دیجیے غم سے بہر پیمبر حسینؑ ابن حیدرؑ حسینؑ ابن حیدرؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو مجرد ہوں جلدی شادی کیجئے جلد خانہ آبادی
غم سے ان کو ملے آزادی سُن لو فریاد بابُ الحوائج

دین مومن کا سر سے ادا ہو رزق روزی ہر ایک کو عطا ہو
دین و دنیا میں سب کا بھلا ہو سن لو فریاد بابُ الحوائج

جو سفر میں ہو مومن پریشان مشکلیں کیجئے ان کی آسان
لوٹیں اپنے وطن شاد و خرمان سُن لو فریاد بابُ الحوائج

ہے پریشان زندان میں قیدی ہو بہت جلد ان کی رہائی
رنج و غم سے ہو اُن کو خلاصی سُن لو فریاد بابُ الحوائج

جو کہ مشتاق زیارت ہیں مولا جلد ان کو میسر ہو جانا
جلد روضہ پہ اپنے بلانا سُن لو فریاد بابُ الحوائج

ہو ظہور امام زمانہ دور ہو جائے غم کا زمانہ
ملے راحت کا ہم کو ٹھکانا سُن لو فریاد بابُ الحوائج

سیدہ کی مرادیں دلا دو غم دُنیا سے اس کو چھڑا دو
دین و دُنیا میں اس کو صلہ دو سُن لو فریاد بابُ الحوائج

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مناجات حضرت زین العابدینؑ

یا رب دعا قبول ہو عابدؑ کا واسطہ
ابن حسینؑ سید و ساجدؑ کا واسطہ

تو نے جسے خطاب دیا زین العابدینؑ
سجاد نام ان کا ہے ساجدؑ کا واسطہ

تعریف تیری کرتا رہا زندگی تمام
اے کردگار بس اسی حامدؑ کا واسطہ

بیمار کربلا ہے لقب جس کا اے خدا
ہو دور یہ مرض تجھے عابدؑ کا واسطہ

حیران ہوں دوا میں اثر کس لئے نہیں
دے جلد اب شفاء تجھے زاہدؑ کا واسطہ

میرے گناہ بخش دے اے رب العالمین
تجھ کو جناب سیدِ شاہدؑ کا واسطہ

لاچار سیدہ ہے زمانے کے رنگ سے
دیتی ہوں تجھ کو آلِ محمدؐ کا واسطہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مُناجات حضرت باقر العلوم

امداد کا یہ وقت امداد کو آؤ یا حضرت باقر
شیعہ ہے پریشان مصیبت سے چھڑاؤ یا حضرت باقر
بھیجا تھا محمدؐ نے سلام آپ کو مولا یہ رتبہ تمہارا ہے
ہم نام محمدؐ ہمیں خطروں سے بچاؤ یا حضرت باقر
سب دین کے احکام ہوئے آپ سے جاری اے خاصہ باری
اے نائب حیدر علوم دین سکھاؤ یا حضرت باقر
نانا ہیں حسنؑ آپ کے اور دادا ہیں شبیرؑ اے صاحب توقیر
ان دونوں کے صدقے میں میرے کام بناؤ یا حضرت باقر
ماں فاطمہؑ ہیں آپ کی اور باپ علیؑ ہیں جو حق کے ولی ہیں
للہ مدینہ میں ہمیں جلد بلاؤ یا حضرت باقر
حیران پریشان مصیبت میں ہے مولا کچھ بس نہیں چلتا
یہ درد و غم و رنج کے بادل کو ہٹاؤ یا حضرت باقر
خوشنودیٔ اللہ کا بس کام کریں ہم کو دنیا کا نہ ہو غم
جو راستہ حق کا ہے اسے آپ دکھاؤ یا حضرت باقر
غمگین ستیدہ ہے اسے شاد کیجئے آباد کیجئے
دل میں جو تمنا ہے اسے جلد دلاؤ یا حضرت باقر

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مناجات موسیٰ ابن جعفر باب الحوائج

در پہ آئی ہوں مولا تمہارے سن لو فریاد باب الحوائج
آج پورے ہوں ارمان سارے فریاد باب الحوائج

دو کیجیے مرض کو خدا را آپ ہی کا ہے ہم کو سہارا
جام صحت پلا دو دوبارہ سن لو فریاد باب الحوائج

جانشین پیمبر ہو مولا شاہ دین ابن حیدر ہے مولا
تم تمنائے جعفر ہو مولا سن لو فریاد باب الحوائج

غم دُنیا سے مولا چھڑا دو خواب غفلت سے ہم کو جگا دو
دولت دین ہم کو دلا دو سن لو فریاد باب الحوائج

دل نا شاد کو شاد کر دو فکر دُنیا سے آزاد کر دو
اُجڑی بستی ہے آباد کر دو سن لو فریاد باب الحوائج

ہم کو گمراہوں سے بچانا نیک راہوں پہ ہم کو چلانا
اُجڑی بستی ہے آباد کر دو سن لو فریاد باب الحوائج

لا ولد جتنے مومن ہیں نا شاد ہوں عطا ان سب کو اولاد
گودیاں ان کی کر دیجیے آباد سن لو فریاد باب الحوائج

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مُناجات شاہ خراسان

مشکل میں گرفتار ہوں مشکل کرو آسان یا شاہ خراسان
اے دین کے سُلطان محمدؐ کے دل و جان یا شاہ خراسان

ہوں دور وطن سے کوئی ساتھی نہیں میرا ہوں بے کس و تنہا
آپ ضامن ضامن ہے حفاظت کرو ہر آن یا شاہ خراسان

بچھڑے ہوئے احباب سے اب جلد ملاؤ اعجاز دکھلاؤ
سختیٔ سفر ہے اسے کر دیجیے آسان یا شاہ خراسان

پھر آپ کے روضہ کی زیارت ہو میسّر اے وارث حیدر
مشہد ہمیں بلوالیجیے اے سرور ذیشان یا شاہ خراسان

فکروں سے کرو دور عطا ہو ہمیں صحت بخشو ہمیں راحت
گردش سے زمانے کی بہت سخت ہوں نالاں یا شاہ خراسان

میں آپ کی مظلومی و غربت کے تصدق حسرت کے تصدق
دُنیا کے صعوبات میں سخت ہوں حیراں یا شاہ خراسان

اب سیّدہ کو فکروں سے آزاد کیجیے دل شاد کیجیے
یا شاہ رضا جلد بلا لیجیے خراساں یا شاہ خراسان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مناجات تقی جوادؑ

❁ ❁ ❁

اے شہ عالی مقام مولا تقیؑ جواد
نائب خیر الانام مولا تقیؑ جواد

آپ ہو ابن رضا دین کے ہو پیشوا
آپ پہ میرا اسلام مولا تقیؑ جواد

رزق عطا کیجیے دور بلا کیجیے
آپ ہیں میرے امام مولا تقیؑ جواد

آپ سے میں دور ہوں بے کس و مجبور ہوں
روتی ہوں میں صبح و شام مولا تقیؑ جواد

غم میں گرفتار ہوں بیکس و ناچار ہوں
کیجیے حاجت تمام مولا تقیؑ جواد

روضہ دکھا دیجیے ہم کو بلا لیجیے
اے شہ ذوالاحترام مولا تقیؑ جواد

غم سے چھڑا دیجیے بگڑی بنا دیجیے
سیدہ ہو شادکام مولا تقیؑ جواد

❁ ❁ ❁

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مُناجاتِ علیؑ نقیؑ

٭ ٭ ٭

جانشینِ پیمبر علیؑ نقیؑ
شاہِ دین ابنِ حیدر علیؑ نقیؑ

دینِ حق آپ ہی نے تو قائم کیا
دین و دُنیا کے رہبر علیؑ نقیؑ

آپ کا نام اسمِ علیؑ ہو گیا
مالکِ حوضِ کوثر علیؑ نقیؑ

روزِ محشر بچا لینا سرور ہمیں
تم ہو مرضیٔ داور علیؑ نقیؑ

رنج و دُنیا سے ہم کو چھڑا دیجیے
ہم ہیں حیران و ششدر علیؑ نقیؑ

دین و دُنیا کی بگڑی بنا دیجیے
دل ہے عاجز و مضطر علیؑ نقیؑ

آپ ہی آ کے جگا دیجیے
سیّدہ کا مقدر علیؑ نقیؑ

٭ ٭ ٭

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مُناجات حسن عسکری

گیارھویں مقتدا دین کے رہبر میرے مولا حسنؑ عسکری ہیں

نائب مصطفےٰ جان حیدر میرے مولا حسنؑ عسکری ہیں

حجت کبریا کے پدر ہیں نارِ دوزخ کے مولا سپر ہیں

وارثِ خلد و تسنیم و کوثر میرے مولا حسنؑ عسکری ہیں

راستہ دینِ حق کا بتایا سوئی ملت کو آکر جگایا

شانِ احمدؐ ہیں اور عزم حیدرؑ میرے مولا حسنؑ عسکری ہیں

غم دُنیا سے ہم کو چھڑا دو بگڑی قسمت ہے جلدی بنا دو

ہم سے روٹھا ہے مولا مقدر میرے مولا حسنؑ عسکری ہیں

آئیں جلدی امام زمانہ ملے راحت کا ہم کو ٹھکانا

ان کے قدموں سے دنیا منوّر میرے مولا حسنؑ عسکری ہیں

سیّدہ کی یہی التجا ہے ہر گھڑی اس کے لب پہ دعا ہے

روزِ محشر بچا لینا سرور میرے مولا حسنؑ عسکری ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مناجات حضرت صاحب الزمان

شہنشاہ دوراں زمانے کے رہبر خبر لیجیے اب امام زمانہ
زمانہ مخالف ہوں حیران و ششدر خبر لیجیے اب امام زمانہ

بڑی آفتیں ہیں زمانے میں مولا پریشان ہیں شیعہ کہاں جائے آقا
پکارا تمہیں کو ہوا دل جو مضطر خبر لیجیے اب امام زمانہ

بلائیں ہیں گھیری نہیں کوئی ساتھی اندھیرا ہے ہر سُو اداسی ہے چھائی
تمہارے قدم سے ہے دُنیا منور خبر لیجیے اب امام زمانہ

بھنور میں ہے کشتی بچانے کو آؤ غم زندگی سے چھڑانے کو آؤ
محمد کی جاں ہو سفینہ کے لنگر خبر لیجیے اب امام زمانہ

تباہی ہے ہر سمت دُنیا میں جاری مدد کوئی کرتا نہیں اب ہماری
خدائی کے مالک کرو رحم ہم پر خبر لیجیے اب امام زمانہ

تمنائیں دل میں بہت کچھ ہیں میری ہے امید ہو نگی جلد پوری
میرے حق میں کر دیجیے جو کچھ ہے بہتر خبر لیجیے اب امام زمانہ

گنا ہگار ہوں اور شرمندہ مولا مگر آپ پر ہی ہے مجھ کو بھروسہ
کرو رہبری آپ برائے پیمبر خبر لیجیے اب امام زمانہ

ہمیں علم اور معرفت اب عطا ہو بصیرت صداقت ہدایت عطا ہو
بچا لینا سرور ہمیں روزِ محشر خبر لیجیے اب امام زمانہ

کروں ذکر صبح و مسا آپ کا میں نہ غیروں کی دِل میں محبت رکھوں میں
بلند کیجیے سیدہ کا مقدر خبر لیجیے اب امام زمانہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

مناجات ماہِ بنی ہاشم

ماہ بنی ہاشم میری امداد کو آنا عباسؑ علمدار تباہی سے بچانا
طوفان میں کشتی ہے میری پار لگانا عباسؑ علمدار تباہی سے بچانا

بن بن کے ہر ایک کام بگڑتے ہیں ہمارے قربان تمہارے
سوئی ہوئی قسمت ہے اسے جلد جگانا عباسؑ علمدار تباہی سے بچانا

تقدیر سے کچھ زور نہیں چلتا ہے میرا تدبیر کروں کیا
لیکن تمہیں آسان بگڑی کا بنانا عباسؑ علمدار تباہی سے بچانا

دن رات اسی فکر میں رہتی ہوں نالاں اور مضطر و حیران
ساتھی نہ اب میرا مخالف ہے زمانہ عباسؑ علمدار تباہی سے بچانا

ہر سمت سے مایوس ہوں ہر سمت سے ہے آس یا حضرت عباسؑ
جو آرزو ہے دل کی اسے جلد دلانا عباسؑ علمدار تباہی سے بچانا

جو قرض ہے اب اس سے ادا کیجئے مولا پوری ہو تمنا
ورنہ یہ غم و رنج سے دشوار ہے جینا عباسؑ علمدار تباہی سے بچانا

بیمار رسیدہ ہے شفاء دیجئے اس کو صلہ دیجئے اسکو
آواز یہ لبیک کی آواز سنانا عباسؑ علمدار تباہی سے بچانا

jabir.abbas@yahoo.com